سوال

(569)طلاق اور فسخ نکاح میں کیا فرق ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طلاق اور فسخ نکاح میں کیا فرق ہے؟

2 فسخ نکاح کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ (محمد حسین، کراچی)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

1 طلاق صرف خاوند یا اس کا وکیل ہی دے سکتا ہے، جبکہ فسخ نکاح اکثر حکومت یا اس کے وکیل کے اختیار میں ہوتا ہے، پھر فسخ نکاح کی عدت اور طلاق کی عدت میں بھی فرق پایا جاتا ہے۔ نیز بعض طلاقوں کے بعد میں بیوی سے بلا تجدید نکاح و صلح رجوع کر سکتے ہیں۔ جبکہ فسخ نکاح میں ایسا نہیں ہو سکتا۔

2 بعض صورتوں میں درست ہے اور بعض صورتوں میں درست نہیں۔ ۱۷ ۱۰ ۱۴۲۲ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص479

محدث فتویٰ